سُورَةُ الانشِقَاقِ

Surah 84 — Al-Inshiqaaq (The Splitting Open) · Meccan · 25 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ إِذَا ٱلسَّمَآءُ ٱنشَقَّتْ

جب آسمان پھٹ جائے گا

2

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اور اپنے پروردگار کا فرمان بجا لائے گا اور اسے واجب بھی یہ ہی ہے

3

وَإِذَا ٱلْأَرْضُ مُدَّتْ

اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی

4

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ

جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر ڈال دے گی اور (بالکل) خالی ہو جائے گی

5

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی یہی ہے (تو قیامت قائم ہو جائے گی)

6

يَٰٓأَيُّهَا ٱلْإِنسَٰنُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًۭا فَمُلَٰقِيهِ

اے انسان! تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشِش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا

7

فَأَمَّا مَنْ أُوتِىَ كِتَٰبَهُۥ بِيَمِينِهِۦ

تو جس کا نامۂ (اعمال) اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا

8

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا

اس سے حساب آسان لیا جائے گا

9

وَيَنقَلِبُ إِلَىٰٓ أَهْلِهِۦ مَسْرُورًا

اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا

10

وَأَمَّا مَنْ أُوتِىَ كِتَٰبَهُۥ وَرَآءَ ظَهْرِهِۦ

اور جس کا نامۂ (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا

11

فَسَوْفَ يَدْعُوا۟ ثُبُورًا

وہ موت کو پکارے گا

12

وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا

اور وہ دوزخ میں داخل ہو گا

13

إِنَّهُۥ كَانَ فِىٓ أَهْلِهِۦ مَسْرُورًا

یہ اپنے اہل (و عیال) میں مست رہتا تھا

14

إِنَّهُۥ ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ

اور خیال کرتا تھا کہ (خدا کی طرف) پھر کر نہ جائے گا

15

بَلَىٰٓ إِنَّ رَبَّهُۥ كَانَ بِهِۦ بَصِيرًا

ہاں ہاں۔ اس کا پروردگار اس کو دیکھ رہا تھا

16

فَلَآ أُقْسِمُ بِٱلشَّفَقِ

ہمیں شام کی سرخی کی قسم

17

وَٱلَّيْلِ وَمَا وَسَقَ

اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے ان کی

18

وَٱلْقَمَرِ إِذَا ٱتَّسَقَ

اور چاند کی جب کامل ہو جائے

19

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍۢ

کہ تم درجہ بدرجہ (رتبۂ اعلیٰ پر) چڑھو گے

20

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ

تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ ایمان نہیں لاتے

21

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ ٱلْقُرْءَانُ لَا يَسْجُدُونَ ۩

اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے

22

بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ يُكَذِّبُونَ

بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں

23

وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ

اور خدا ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے

24

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

تو ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو

25

إِلَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍۭ

ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے بےانتہا اجر ہے

Generated by Dailica — dailica.com